## سوال

(284) رمضان کے روزوں کی قضا موسم سرما تک موخر کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ جائز ہے کہ رمضان کے روزوں کی قضا موسم سرما تک موخر کر دی جائے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جونہی قدرت حاصل ہو اور عذر زائل ہو جائے تو رمضان کے روزوں کی قضا واجب ہے اور کسی سبب کے بغیر تاخیر جائز نہیں مبادا کہ بعد میں بیماری یا سفر یا موت کی وجہ سے رکاوٹ پیدا ہو جائے لیکن اگر کسی نے اس قدر تاخیر کر دی کہ سردیوں کے چھوٹے دن آگئے اور ان دنوں میں قضا دے لی تو یہ قضا بھی صحیح ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

**کتاب الصیام: ج 2 صفحہ 212**